درج ذیل عبارت کی تلخیص اپنے الفاظ میں کیجئے جو ایک تہائی سے زیادہ نہ ہو۔

یہ صحیح ہے کہ عملی سہولت کی خاطر حیات انسانی کو مختلف شعبوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ہر شعبے کو ایک آزاد اور جداگانہ جزیرے کی شکل دینا نہایت مہلک ہے۔ انفرادی اور اجتماعی، سیاسی اور معاشی اور تمدنی یہ تمام شعبے ایک دوسرے سے اس طرح جڑے ہوئے ہیں کہ انہیں بالکل الگ الگ حصوں میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔ انسانی زندگی میں مختلف شعبوں کے درمیان امتیاز و تفریق ممکن نہیں جب تک تمام شعبوں کو درست نہ کیا جائے اور سب میں یک رنگی اور ہم آہنگی نہ ہو اس وقت تک انسانی زندگی خوشحالی اور کامرانی سے ہمکنار نہیں ہو سکتی۔ اگر یہ ممکن نہیں کہ آپ کا نصف چہرہ مسکرائے اور باقی پر مسکراہٹ نہ آئے تو یہ بھی ممکن نہیں کہ صرف معیشت یا سیاست کی تنظیم سے پوری زندگی سنور جائے اور جس طرح یہ ممکن نہیں کہ ایک شخص بیک وقت مختلف سمتوں میں چل سکے اسی طرح یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ انسان کی زندگی کے مختلف شعبوں کو بیک وقت مختلف منزلوں کی طرف سرگرم عمل کیا جا سکے۔ تجربے نے آج کے انسان کو اچھی طرح سکھا دیا ہے کہ اگر وہ اپنی شخصیت کا استحکام اور تمدن کی حقیقی ترقی چاہتا ہے تو اسے جزو پسندی کے مقابلے میں تہذیبی وحدت اختیار کرنی ہوگی۔

عبارت کے الفاظ: 181
تلخیص کے الفاظ: 65

عبارت کا عنوان: مختلف شعبوں کی ہم آہنگی اور ان کی اہمیت

زندگی کا ہر شعبہ ایک دوسرے سے منسلک ہے اور انھیں جدا نہیں کیا جا سکتا۔ زندگی کو خوشحال اور کامیاب بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ان شعبوں کو درست کیا جائے اور ان میں ہم آہنگی پیدا کی جائے۔ انسان ایک ہی وقت میں سارے شعبے نہیں اپنا سکتا لیکن تجربے کی بناء پر اپنی زندگی میں استحکام لا سکتا ہے اور اسکے بعد زندگی میں تہذیبی وحدت پیدا کرنی ہوگی۔

تلخیص شدہ الفاظ: 65